# PRINCE SCHOOL

विद्याऽमृतमश्नुते

Rajasthan Board, English & Hindi Medium, Class IV to XII (Science, Commerce, Arts & Agriculture)

www.princeeduhub.com | Palwas Road, Sikar. Helpline : 9610-69-2222 | princeeducationhubsikar

**Model Paper - II**

**Class : X**

**Time : 03:15 Hours** **Subject : Urdu** **M.M. : 80**

ہدایت : (i) سبھی سوال کرنے لازمی ہیں۔

(ii) صفائی کا خاص خیال رکھیں۔

(18x1=18)

1- مندرجہ ذیل معروضی سوالات کے جوابات میں سے صحیح جواب چُن کر کاپی میں لکھیے۔

(i) اُردو زبان کہاں پیدا ہوئی؟

(A) چین میں (B) ہندوستان میں (C) ایران میں (D) جاپان میں

(ii) "نئی روشنی" سبق میں اللہ رکھے کا نام ہے؟

(A) اسلم (B) جاوید (C) برکت (D) محمود

(iii) سبق "آدمی کی کہانی" کے مصنف ہیں؟

(A) محمد مجیب (B) کنھیا لال کپور (C) رتن سنگھ (D) احتشام حسین

(iv) رضیہ سلطان نے کتنے برس حکومت کی؟

(A) ڈھائی سال (B) تین سال (C) چار سال (D) ساڑھے تین سال

(v) حبیب تنویر کا اصل نام کیا ہے؟

(A) عبدالماجد (B) عبدالمجید (C) حبیب احمد خان (D) محمد حبیب اللہ

(vi) رتن سنگھ نے "کاٹھ کا گھوڑا" کس کہا ہے؟

(A) سلیم کو (B) کریم کو (C) چھوٹو کو (D) ہندو کو

(vii) تکلف کے معنی کیا ہے؟

(A) غم (B) دکھاوا (C) پریشانی (D) بے چینی

(viii) کرنل سے کارتوس مانگنے والا سوار کون تھا؟

(A) وزیر علی (B) نظیر علی (C) محمد علی (D) احمد علی

(ix) بھیم راؤ امبیڈکر کب پیدا ہوئے؟

(A) 1889ء میں (B) 1890ء میں (C) 1891ء میں (D) 1892ء میں

(x) نظم "حمد" میں تسبیح خواں کسے بتایا گیا ہے؟

Scanned with OKEN Scanner

(A) کبوتر کو (B) چڑیا کو (C) گلہری کو (D) خرگوش کو

(xi) 'حمد' کے آخری شعر میں کارخانے سے کیا مُراد ہے؟

(A) دنیا (B) زمین (C) آسمان (D) ندی

(xii) اقبالؔ کہاں پیدا ہوئے؟

(A) اترپردیش میں (B) سیالکوٹ میں (C) لکھنؤ میں (D) دہلی

(xiii) بشیر نواز کا اصل نام کیا ہے؟

(A) نور محمد خاں (B) بشارت نواز خاں (C) بشیر نواز خاں (D) دلاور نواز خاں

(xiv) 'موت کا ایک دن معین ہے' میں معیّن کے کیا معنی ہیں؟

(A) طے شدہ (B) غیر طے شدہ (C) عارضی (D) ان میں سے کوئی نہیں

(xv) خدائے سخن کے لقب سے کس شاعر کو یاد کیا جاتا ہے؟

(A) نظیر کو (B) اقبال کو (C) غالب کو (D) میر کو

(xvi) عدل پرستی کے کیا معنی ہیں؟

(A) ظلم کرنا (B) محبت کرنا (C) وطن پرستی (D) انصاف پرستی

(xvii) راحت کا متضاد ہے؟

(A) آرام (B) تکلیف (C) رحمت (D) سکون

(xviii) حق کی جمع ہے۔

(A) حقوق (B) حقائق (C) حقیقت (D) حائق

2۔ مندرجہ ذیل خالی جگہ کو پُر کیجیے۔ (6X1=6)

(i) ڈاکٹر امبیڈکر کا اصل نام ............ تھا۔

(ii) وزیر علی کے کارنامے سُن کر ........ کے کارنامے یاد آتے ہیں۔

(iii) رضیہ سلطان دہلی کے بادشاہ ......... کی بیٹی تھی۔

(iv) خدا کی تعریف کو ...... کہتے ہیں۔

(v) بستی اپنی ...... کی سی ہے۔

(vi) بھوک اور ....... کل دے گی۔

3۔ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھیے۔ (12X1=12)

(i) کلاس میں بچّے کس بات پر حیرت زدہ تھے؟

(ii) www کا پورا نام لکھیے؟

(iii) بھیم راؤ امبیڈکر کا اہم کارنامہ کیا تھا؟

(iv) دراوڑ کون کون سی زبانیں بولتے تھے؟

(v) موڈیم کسے کہتے ہیں؟

(vi) رضیہ سلطان کی خوبیاں کیا تھیں؟

Scanned with OKEN Scanner

(vii) لین شو نے لفافے پر کیا پتہ لکھا؟

(viii) "کوئی صورت نظر نہیں آتی" سے کیا مراد ہے؟

(ix) میر تقی میر کہاں پیدا ہوئے؟

(x) نظیر اکبر آبادی کا اصل نام کیا ہے؟

(xi) لفظ "شناسا" کا متضاد لکھیے۔

(xii) لفظ "معلوم" کی جمع لکھیے۔

نوٹ:۔ مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور دیے گیے سوالات کے جوابات لکھیے۔

کسی زمانے میں ہمارے ملک میں بہت جنگل تھے، مگر اب آبادی کے بڑھنے، شہروں کے آباد ہونے، کھیتی باڑی اور کارخانوں میں اضافے کی وجہ سے جنگل کٹتے جا رہے ہیں۔ جنگلوں کی وجہ سے آب و ہوا اچھی رہتی ہے۔ ہوا میں آکسیجن کی کمی نہیں رہتی۔ بارش خوب ہوتی ہے۔ باڑھ کی تیزی کم ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ جنگلوں میں طرح طرح کی جڑی بوٹیاں، عمارتی لکڑی، گوند، کاغذ بنانے کی لکڑی، تارپین کا تیل اور اسی طرح کی بے شمار چیزیں حاصل ہوتی ہیں۔

4۔ جنگل کیوں کٹتے جا رہے ہیں؟ 2

5۔ آب و ہوا کس کی وجہ سے اچھی رہتی ہے؟ 2

6۔ باڑھ کی تیزی کس کی وجہ سے کم ہوتی ہے؟ 2

7۔ جنگلوں سے ہمیں کیا کیا چیزیں حاصل ہوتی ہیں؟ 2

8۔ تشبیہ کسے کہتے ہیں؟ مثال بھی لکھیے۔ 2

9۔ فعلِ حال کسے کہتے ہیں؟ 2

10۔ محاورہ "چھٹی کا دودھ یاد آنا" کے معنی لکھیے؟ 2

11۔ مندرجہ ذیل مذکر الفاظ کے مؤنث لکھیے: 2

(i) اُستاد (ii) بیل

12۔ مندرجہ ذیل الفاظ پر سابقے یا لاحقے لگائیے۔ 2

(i) نام (ii) کام

13۔ مندرجہ ذیل رموزِ اوقاف کی علامت لکھیے۔ 2

(i) سکتہ (ii) واوین

14۔ مندرجہ ذیل اقتباس کا مطلب لکھیے اور سیاق و سباق کا حوالہ بھی دیجیے۔ 3

بے تکلف دوست کی تو وہی مثال ہے کہ اُسے وبالِ جان سمجھتے ہوئے بھی وبالِ جان نہیں کہہ سکتے۔ اگر اس کے جی میں آئے تو آدھی رات کو آپ کے گھر آ دھمکے اور نہ صرف لذیذ کھانے کا مطالبہ کرے، بلکہ کہے کہ "سوئیں گے بھی یہیں اور سوئیں گے بھی آپ کے ساتھ" دوپہر کے وقت آپ سو رہے ہوں تو قینچی لے کر ازراہِ مذاق آپ کی دونوں مونچھوں کا صفایا کر ڈالے۔

یا

اگلے اتوار کو پھر لین شو ڈاک خانے میں آیا اور پوچھا کہ کیا اس کے نام کوئی خط آیا ہے؟ پوسٹ ماسٹر نے لین شو کا خط اس کے حوالے کیا اور اس کارِ خیر کے انجام دینے پر ایک طرح کی خوشی محسوس کی۔ اس کے بعد وہ دروازے کی دراز سے لین شو کی کیفیات دیکھنے لگا۔ اس نے دیکھا کہ نوٹ پاکر لین شو کو کوئی حیرت نہیں ہوئی ہے۔

15۔ "زبانوں کا گھر ہندوستان" سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 3

یا

سبق "آدمی کی کہانی" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

16۔ مندرجہ ذیل اشعار کے مطالب لکھیے اور شاعر کا حوالہ بھی دیجیے۔ 3

(i) ہستی اپنی حباب کی سی ہے — یہ نمائش سراب کی سی ہے

(ii) موت کا ایک دن معین ہے — نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

یا

قدم اُٹھانے کی طاقت نہیں ذرا تجھ میں — بڑی بڑائی ہے، خوبی ہے اور کیا ہے تجھ میں

جو تو بڑا ہے تو مجھ سا ہنر دکھا مجھ کو — یہ چھالیا ہی ذرا توڑ کر دکھا مجھ کو

17۔ نظم "قدم بڑھاؤ دوستو" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 3

یا

نظم "نیکی اور بدی" کا خلاصہ تحریر کیجیے۔

18۔ ساحرؔ لدھیانوی کے مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔ 4

یا

اقبالؔ کے مختصر حالاتِ زندگی لکھیے۔

19۔ اپنے اسکول کے پرنسپل صاحب کو دو۔دن کی چھٹی کی درخواست لکھیے۔ 4

یا

اپنے دوست کو دسویں جماعت میں اوّل آنے پر مبارک باد کا خط لکھیے۔

20۔ مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مختصر مضمون لکھیے۔ 4

(i) پسندیدہ شاعر یا ادیب

(ii) میلے کی سیر

(iii) تاج محل

*** ختم شد ***

Scanned with OKEN Scanner